General Science - 9th Class General Science Urdu Medium Chapter 2 Preparation

Q1. کاربن کی اہمیت لکھیے.

Ans 1: 1. کاربن کی زمین پر بہت اہمیت ہے. کیونکہ یہ تمام جاندار اشیاء کا بنیادی جُز ہے. 2.کاربن کی بہت تھوڑی مقدار ارتھ کرسٹ میں آزاد حالت میں پائی جاتی ہے. 3. یہ قریباً ایک لاکھ مختلف اقسام کے مرکبات کا حصہ ہے. 4. کاربن کے ایٹم رنگڈ کمپاؤنڈ بناتے ہیں.

Q2. ہوا میں آکسیجن کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: ہوا میں آکسیجن کی زیادہ مقدار ہے لیکن نائٹروجن کی مقدار سے کم ہے. آکسیجن زندگی کے عوامل کے لیے بلکہ جلنے اور زنگ لگنے کے عمل کے لیے بھی ضروری ہے.

Q3. جلنے کے عمل کی وضاحت کریں.

Ans 1: جلنا ایسا کیمیائی عمل ہے جس سے روشنی یا حرارت پیدا ہوتی ہے. اس عمل میں جلنے والا مادہ عام طور پر ہوا کی آکسیجن سے مل کر آکسائڈز بناتا ہے. یہ آکسائڈز پانی میں حل ہوکر ایسڈز بناتے ہیں. تمام غزائی اجناس مثلاً سبزیوں اور گوشت وغیرہ کا گلنا سڑنا دراصل ان میں موجود آرگینک مادے کی آکسیڈیشن کیوجہ سے ہے.

Q4. بکی بالز کیا ہیں؟

Ans 1: بکی بالز کاربن کی تیسری ایلوٹروپک فارم ہے جو قدرتی طور پر پائی جاتی ہے. بکی بالز بطور سیمی کنڈکٹر اور لبریکنٹس استعمال ہوتے ہیں.

Q5. کس ٹمپریچر پر پانی کی ڈینسٹی سب سے زیادہ ہوتی ہے؟

Ans 1: پانی کی سب سے زیادہ ڈینسٹی 4 ڈگڑی سینٹی گریڈ پر ہوتی ہے.

Q6. کاربن کی ایلوٹروپک اور نان ایلو ٹروپک فارمز کے نام لکھیے.

Ans 1: کاربن کی ایلو ٹراپک فارمز کے نام: کاربن کی ایلو ٹراپک فارمز ڈائمنڈ ، گریفائٹ اور بکی بالز ہیں.

Ans 2: کاربن کی نان ایلوٹراپک فارمز کے نام : کاربن کی نان ایلو ٹراپک کوک، چارکول اور سوٹ ہیں.

Q7. نوبل گیسوں سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رینر نوبل گیس کیمیائی طور پر نان ری ایکٹیو ہیں. ہوا میں بلحاظ حجم قریباً ایک فیصد رینر گیسیں پائی جاتی ہیں. نوبل گیسیں انتہائی ری ایکٹیو ہیں. اس لیے یہ چند کیمیائی تعاملات کے لیے انرٹ ماحول مہیا کرتی ہیں. یہ میٹلز کی الیکٹرنک ویلڈنگ مختلف اقسام کے فلوریسنٹ اور فوٹو ٹیوبز میں استعمال ہوتی ہیں . جیسے ہیلیم ' نیون ' آرگان اسکی مثالیں ہیں.

Q8. دو ایسے ایلیمنٹس کے نام لکھیے جن کی جسم میں زیادہ ضرورت ہے.

Ans 1: جسم میں جن عناصر کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے. اُن میں کاربن اور ہائڈروجن شامل ہیں.

Q9. فضا میں آکسیجن اور نائٹروجن کی فیصد مقدار بیان کریں.

Ans 1: فضا میں آکسیجن کی مقدار 21 فیصد اور نائٹروجن کی مقدار 78 فیصد ہوتی ہے.

Q10. پھولوں کو پکانے کے لئےکونسی گیس استعمال ہوتی ہے؟

Ans 1: ایتھین گیس پھلوں بالخصوص کیلے کو قبل از وقت پکانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے.
